ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے عرس کے موقع پر سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کیئے جائیں۔ آئی جی سندھ

کراچی 20 اگست 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے پولیس کو ہدایات جاری کی ہیں کہ حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے تین روزہ عرس کی تقریبات کے موقع پر سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ ضلعی پولیس سیکیورٹی پلان کے تحت انٹیلی جینس کلیکشن وشیئرنگ, پیٹرولنگ, اسنیپ چیکنگ, پکٹنگ, ریکی, نگرانی, ناکہ بندی, سرچنگ اور ٹارگیٹڈ آپریشنز جیسے اقدامات کو مزید سخت مربوط اور غیر معمولی بنایا جائے تاکہ امن وامان کے حالات پر کنٹرول, شہریوں کی جان ومال کی سلامتی سمیت دہشت گردوں ودیگر سنگین جرائم میں ملوث عناصر کو قانون کی گرفت میں لاتے ہوئے ہر ممکن انسدادی اقدامات کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ عرس کی تقریبات میں ملک کے دیگر صوبوں سے زائرین وعقیدت مندوں کی شرکت کے پیش نظر سندھ کے داخلی وخارجی راستوں اور مرکزی وذیلی شاہراہوں پر متعلقہ تھانوں کے لحاظ سے سیکیورٹی کو نا صرف غیر معمولی بنایا جائے بلکہ محفوظ سفر کے ضمن میں بھی ہر ممکن اقدامات اُٹھائے جائیں۔

انہوں نے تمام ڈی آئی جیز کو ہدایات جاری کیں کہ پولیس چیک پوسٹس, چوکیوں اور ناکوں پر سرچنگ, کڑی نگاہ رکھنے سمیت تمام تر لاجسٹک سپورٹ کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے جبکہ پولیس کنٹرول/وائرلیس بیسز کے مجموعی امور کو انتہائی ٹھوس بنایا جائے تاکہ اطلاعات کی شیئرنگ اور کم سے کم وقت میں پولیس ریسپانس کی بدولت تمام تر انسدادی اقدامات کو بروقت ممکن بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ تمام مساجد, امام بارگاہوں, مزارات, اقلیتی برادری کے مذہبی مقامات, پبلک مقامات سرکاری ونجی اسکولوں, کالجوں, جامعات, اسپتالوں, اہم عمارتوں وغیرہ پر کی گئی پولیس ڈپلائمنٹ کو نا صرف سیکیورٹی بریفنگ بلکہ متعلقہ ایس ایچ اوز کی علاقوں میں موجودگی اور گشت کے عمل کو بھی یقینی بنایا جائے۔

ترجمان سندھ پولیس نے دفتر سے جاری اعلامیئے میں عوام سے کہا ہے کہ کسی بھی مقام پر کوئی مشکوک گاڑی, پارسل, بیگ, تھیلا, بریف کیس وغیرہ یا مشتبہ شخص یا حرکات دکھائی دینے پر فوری اطلاع مددگار 15، ڈی آئی جیز, ایس ایس پیز, ایس ڈی پی اوز دفاتر, قریبی تھانہ جات, گشت پر مامور پولیس موبائلز, موٹر سائیکل سوار افسران جوانوں یا پکٹنگ فرائض پر تعینات علاقہ پولیس کے افسران اور جوانوں کو دیں۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

کراچی میں امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے سی پی او میں اجلاس۔

کراچی 20اگست 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ ایک اجلاس میں شہر میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کا مختلف حوالوں سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مزید ضروری ہدایات دی گئیں۔اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن نے اجلاس کو پولیس کے مجموعی اقدامات/اہداف پر تفصیلی بریفنگ دی۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ امن وامان کے حالات اور اس حوالے سے کراچی پولیس کیجانب سے مختلف نوعیت کے جرائم بشمول اسٹریٹ کرائمز، چوری، قتل، اقدام قتل سمیت مارکیٹوں/بازاروں میں نقب زنی وغیرہ کے حوالے سے اختیار کردہ انسدادی حکمت عملی اور لائحہ عمل کو ہر سطح پر مزید مؤثر مربوط اور کامیاب بنایا جائے۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی آپریشنز ڈاکٹر امیر شیخ کے علاوہ ہیڈکوارٹرز فائنانس، ایڈمن، ٹی اینڈ ٹی، اسٹیبلشمنٹ اور انویسٹی گیشن سندھ کے ڈی آئی جیز سمیت اے آئی جیز ایڈمن، ویلفیئر اور دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔